صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 23 جون 2014ء بمطابق 24 شعبان 1435 ہجری صبح گیار بجکر بارہ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ لِلّٰہِ شُہَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓی اَلَّا تَعْدِلُوْا اعْدِلُوْا ہُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی وَاتَّقُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ خَبِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَO وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَہُمْ مَّغْفِرَۃٌ وَّاَجْرٌ عَظِیْمٌO وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَکَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَآ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ۔

(ترجمہ): اے ایمان والوں! خدا کے لیے انصاف کی گواہی دینے کے لیے کھڑے ہو جایا کرو۔ اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیز گاری کی بات ہے اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبر دار ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کے لیے بخشش اور اجر عظیم ہے۔ اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں۔ وآخِرُ الدَّعوَانا أنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ یہ کچھ چھٹی کی درخواستیں آئی ہوئی ہیں، یہ ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں: جناب سید جعفر شاہ صاحب، ایم پی اے 2014-06-23 و 2014-06-24، جناب میاں ضیاءالرحمان صاحب، ایم پی اے 2014-06-23، محترمہ نادیہ شیر صاحبہ 2014-06-23، جناب ابرار حسین صاحب، ایم پی اے 2014-06-23، جناب صالح محمد صاحب، ایم پی اے 2014-06-23۔ آیا رخصت کی درخواستیں منظور ہیں؟

(تحریک منظور کی گئی)

مطالبات زیر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: Honourable Special Assistant for Law, on behalf of Chief Minister, to please move his Demand No. 8.

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون و پارلیمانی امور): اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم۔ شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ ایک ارب 16 کروڑ 18 لاکھ 90 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2015ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران داخلہ و قبائلی امور کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding rupees one billion 16 crore 18 lac 90 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2015, in respect of Home and Tribal Affairs.

Cut motions on Demand No. 8: Madam Amna Sardar.

محترمہ آمنہ سردار: جناب سپیکر! پچاس ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty thousand only. Mr. Azam Khan Durrani.

جناب اعظم خان درانی: شکریہ جناب سپیکر۔ پانچ سو روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five hundred only. Arbab Akbar Hayat.

ارباب اکبر حیات: سو روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Syed Jaffar Shah (Not present, it lapses). Syed Muhammad Ali Shah Bacha (Not present, it lapses). Mr. Saleem Khan (Not present, it lapses). Sardar Aurangzeb Nalotha.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں ایک کروڑ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one crore only. Sardar Hussain Babak (Not present, it lapses). Sardar Zahoor Ahmad (Not present, it lapses). Sardar Farid Ahmad Khan.

سردار فرید احمد خان: ایک ہزار جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Mr. Sultan Muhammad Khan (Not present, it lapses). Madam Sobia Khan, (Not present, it lapses). Mr. Saleh Muhammad Khan (Not present, it lapses). Mr. Abdul Sattar Khan.

جناب عبدالستار خان: سر! میں ایک لاکھ روپے کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac. Madam Uzma Khan (Not present, it lapses). Mr. Noor Saleem.

Mr. Noor Saleem Malik: Thank you, Mr. Speaker. I beg to move a cut motion of rupees five thousand on Demand No. 8.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Mufti Said Janan (Not present, it lapses). Malik Riaz Khan.

ملک ریاض خان: جناب سپیکر! یہ سی ایم صاحب کا ڈائریکٹ اس کے ساتھ یعنی محکمہ کے ساتھ تعلق ہے، لہذا میں انکی خاطر یہ Withdraw کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مولانا محمد عصمت اللہ۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر، میں مطالبہ زر نمبر 8 پر نو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔
Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees nine only. Mr. Mehmood Ahmad Khan Bittani.

جناب محمود احمد خان: هزار روپئ جی کٹ موشن پیش کوم۔
Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees nine only, sorry, the motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Mr. Munawar Khan.

جناب منور خان ایڈووکیٹ: جناب سپیکر، میں دو لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔
Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two lac only. Mr. Muhammad Sheeraz Khan.

جناب محمد شیراز: میں ڈیمانڈ نمبر 8 پہ ایک کروڑ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔
Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one crore only. Mufti Fazal Ghafoor (Not present, it lapses). Mian Zia-ur-Rehman (Not present, it lapses). Madam Meraj Humayun.
Ms. Meraj Humayun Khan: With your permission Sir¸ I present a cut motion of one hundred rupees only.
Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mr. Muhammad Reshad Khan (Not present, it lapses). Madam Nighat Yasmeen Orakzai (Not present, it lapses). Ms.Yasmeem Pir Muhammad Khan.

محترمہ یاسمین پیر محمد خان: د هزار روپو کټ موشن پیش کوم۔
Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Madam Amna Sardar.

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ، جناب سپیکر۔ چونکہ وقت کی آج کمی ہے تو میں کہوں گی کہ میرے پارلیمانی لیڈر ہی میرے Behalf پہ بات کر لیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: مسٹر اعظم خان درانی۔

جناب اعظم خان درانی: شکریہ جناب سپیکر۔ وقت کی کمی بھی ہے اور یہ ڈائریکٹ سی ایم صاحب سے تعلق بھی رکھتا ہے لیکن میں دو تین چیزیں ان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ جناب! ہوم کے ساتھ بہت سارے Dilations ہیں مختلف لیکن جناب، ایک بہت زیادہ مسئلہ لائسنسوں کا ہے، دوسرا امن وامان کا ہے، بھتہ خوری کا ہے، اگر سب کچھ جی آپ لے لیں تو آپ کے اوپر آتا ہے کیونکہ آپ نے ذمہ واری لی تھی الیکشن کے دنوں میں کہ ہم تبدیلی لائیں گے، اسکو Peaceful صوبہ بنائیں گے، ماڈل صوبہ بنائیں گے لیکن ابھی تک کچھ نظر نہیں آرہا۔ جناب سپیکر، ایک سال گزر گیا اور ہمیں کوئی اثرات نظر نہیں آرہے، اگر اس طرح سلسلہ چلا تو یہ دوسرا سال بھی ضائع ہو جائے گا۔ تو ہم ریکویسٹ کرتے ہیں کہ پولیس کا نظام کافی حد تک ٹھیک ہے، ہونے والا ہے یا ہو چکا ہے لیکن اس کو گراؤنڈ پہ کچھ دکھانا ہے، تو اسلئے میں پانچ سو روپے کٹ موشن کو ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: ارباب اکبر حیات خان۔

ارباب اکبر حیات: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ زه به واپس واخلم جی د چیف منسټر صاحب د پاره۔

جناب سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ یہ ایک انتہائی اہم محکمہ ہے اور میں چاہوں گا کہ اس محکمے کے حوالے سے ہاؤس کو تفصیل سے بتایا جائے کہ پچھلے ایک سال سے جو اس صوبے کے اندر مختلف واقعات رونما ہوتے رہے ہیں تو ان کے حوالے سے اس محکمے نے کیا پلاننگ کی ہے اور ایک سال میں کیا کمی لائی ہے اور مزید ان کی کیا Priority ہے؟ تو یہ ذرا تفصیل سے ہاؤس کو آگاہ کر دیں پھر اس کے بعد آپ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سردار فرید احمد۔

سردار فرید احمد خان: جناب سپیکر صاحب، اس میں ریفارمز کی ضرورت ہے اسلئے میں اس کو Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn?

سردار فرید احمد خان: جی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: عبدالستار، مسٹر عبدالستار۔

جناب عبدالستار خان: سر! یہ بڑا اہم محکمہ ہے ہمارے صوبے کا، بنیادی طور پر میں نے یہ کٹ موشن لائی تھی سر! کہ میں ایک بڑے اہم مسئلے کو اس ہاؤس کے سامنے رکھوں۔ میں پانچ کروڑ روپے سالانہ بجٹ میں، وزیر اعلیٰ صاحب بھی بیٹھے ہیں، میں بچانا چاہتا ہوں۔ جب میں نے سٹڈی کی تو بہت سی ایسی چیزیں میری نظر میں آئیں کہ جو غیر ضروری ہیں جن کی کوئی افادیت نہیں۔ اس حوالے سے میں یہ کٹ موشن لایا اور پچھلے سال میں جب اسرار اللہ گنڈاپور صاحب، اللہ انہیں جنت نصیب کرے، ان سے جب میں نے یہ بات کی تو انہوں نے تسلیم کیا تھا کہ یہ جو اس مد میں پیسے جاتے ہیں، ان کی کوئی اہمیت نہیں، ہم اس کو ختم کریں گے لیکن ان کی شہادت کے بعد شاید وہ مسئلہ کسی اور کی نظر میں نہیں تھا تو میں نے اس لحاظ سے، بڑا اہم Component ہے جناب سپیکر، اس میں اسکے تین Components ہیں، فرنٹیئر واچ اینڈ وارڈ، پراونشل سیفٹی کمیشن، ڈسٹرکٹ پبلک سیفٹی کمیشن۔ اس میں میں نے Calculation کی ہے کہ سالانہ ہم 2002ء سے پانچ کروڑ روپے اس میں ہر سال بجٹ میں رکھتے ہیں پراونشل پبلک سیفٹی کمیشن کیلئے اور ڈسٹرکٹ پبلک سیفٹی کمیشن کیلئے۔ خٹک صاحب! یہ تقریباً جتنے بھی اضلاع کے ہمارے ممبران اسمبلی ادھر بیٹھے ہیں، مجھے کوئی ایک بتائے کہ اس پبلک سیفٹی کمیشن کی کیا افادیت تھی؟ 2002ء کے بعد آج تک کسی تھانے میں، کسی ضلع میں، صوبائی لیول پر کوئی ایک ایشو میرے خیال میں ایسا نہیں ہے کہ انہوں نے حل کرایا ہو اس کو، یہ ہمارے اس صوبے کے خزانے پہ بوجھ ہے، لہذا غیر ضروری اخراجات ہیں۔ اس پبلک سیفٹی کمیشن کی مد کو آپ نکالیں تو ہوم ڈیپارٹمنٹ کم از کم ہر سال پانچ کروڑ روپے بچائے گا۔ یہ اسرار صاحب کی Commitment تھی کہ یہ بالکل آپ کی بات درست ہے، آئندہ سال ہم اس کو نکالیں گے لیکن اس کے بعد شاید کسی نے اس پہ سوچا نہیں تو میں اس لئے لایا، ایک۔ دوسرا جناب سپیکر، میرا ایک چھوٹا سا مسئلہ ہے، اس حوالے سے گزشتہ حکومت میں میری ریکویسٹ پہ ایک سمری Approve ہو گئی تھی Rising of six platoons in FC for Kohistanis، میرا ضلع واحد ضلع ہے جس میں آج تک ایف سی میں ہمارا کوئی کوٹہ نہیں ہے، اسکی سمری Approved ہے تو میری سی ایم صاحب سے

گزارش ہے کہ اس میں میری رہنمائی بھی کریں اور آگے فیڈرل گورنمنٹ سے Take up کرنا ہے تو Interior Ministry، میں بھی وہ کروں گا، آپ بھی ہماری طرف سے مطلب ہے وہ کرلیں۔ یہ دو مقاصد تھے میرے اس میں، باقی میں، سی ایم صاحب بھی بیٹھے ہیں، میں اس کے ساتھ Withdraw کرتا ہوں اس کو۔

جناب سپیکر: مسٹر نور سلیم۔

جناب نور سلیم ملک: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میں اپنی کٹ موشن اس وجہ سے لے کر آیا تھا کہ یہ ایک بہت اہم محکمہ ہے اور صوبے کے جو موجودہ حالات ہیں، ان کی سنگینی کے تحت ان پر بہت زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ میں نے Being a Member تو ہمیشہ کوشش کی کہ اس صوبے کے جو مفادات ہیں، ان کا خیال رکھا جائے اور جتنی اپنے تئیں کوشش کی جا سکے، اس میں بہتری لائی جا سکے، اس کیلئے میں نے ہمیشہ کوشش کی اور اسی سلسلے میں میں نے آج تک پولیس سے سے کوئی گارڈ بھی نہیں لیا، وجہ یہی ہے کہ پہلے ہی صوبے میں تعداد کم ہے اور امن وامان کا بڑا مسئلہ ہے، اگر ہم بھی اس میں شامل ہو جائیں گے تو یقیناً نفری کی جو کمی ہے، اسکا سلسلہ رہے گا۔ بہرحال وزیر اعلیٰ صاحب میرے بڑے محترم ہیں وہ چیزوں کا کافی خیال بھی رکھتے ہیں اور یقیناً انہیں سب معلومات بھی ہوتی ہیں، میں چاہوں گا کہ اس میں تھوڑی سی توجہ زیادہ دی جائے، حالات بہت زیادہ خراب ہیں، خصوصی طور پر وزیر اعلیٰ صاحب! میرے ضلع میں تو بہت ہی حالات خراب ہیں، میں نے آپ سے ایک دفعہ درخواست بھی کی تھی کہ میرے ساتھ چلیں تو آپ نے کہا کہ سیکورٹی اور سیفٹی کی وجہ سے نہیں جا سکتا تو جناب سپیکر، اسی طریقے سے یہ مسائل ہیں اور مجھے امید ہے کہ وزیر اعلیٰ صاحب اس پر توجہ دیں گے اور اگر میری کوئی Input کی ضرورت ہوگی تو میں حاضر ہوں۔ میں اپنے محترم وزیر اعلیٰ کی خاطر جو ہے، یہ اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔ شکریہ۔

(تالیاں)

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر! میری بھی ایک بہت ضروری اس ڈیمانڈ پر کٹ موشن تھی۔

جناب سپیکر: وہ Lapse ہوگئی جی، Lapse ہوگئی۔ مولانا محمد عصمت اللہ۔ چلو آج تو مولانا لکھا ہے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سر! یہ بہت ضروری ہے، آپ مجھے موقع دیں تاکہ میں اس پر بات کرسکوں۔

جناب سپیکر: اچھا، میں تو روٹین میں یہ فائل۔۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! اس مسئلے میں میں نے نو روپے کی کٹ موشن اسلئے پیش کی تھی کہ میں ایک بات جناب سی ایم صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا تھا اور وہ یہ ہے کہ کوہستان میں افیون کی کاشت ہو رہی تھی تو اس حوالے سے پھر لوگوں کیلئے افیون کے متبادل کوئی فنڈ مقرر ہوا، تقریباً کوئی 99 کروڑ کی اے ڈی پی بنی تھی اور وہ زیادہ تر محکمہ داخلہ ڈیل کرتا ہے تو اس فنڈ کو بالکل غیر منصفانہ اور غیر معیاری انداز میں علاقے میں خرچ کیا جا رہا ہے تو اسے غیر معیاری اور غیر منصفانہ انداز میں خرچ ہونے کی بجائے یہ جس مقصد کیلئے خرچ ہو رہا تھا تو اب ہم بہت سارے علاقوں کے لوگ سنتے ہیں کہ جب یہ فنڈ تھا، جب ہمیں نہیں ملا ہے تو ہم دوبارہ افیون کاشت کریں گے، لہذا میری یہ درخواست ہوگی کہ سی ایم صاحب اس کی فوری تحقیقات کا حکم دیدیں اور یہ بقیہ فنڈ جو ہے، وہ منصفانہ طور پر تمام علاقوں میں جہاں جہاں ضروریات ہیں، اس کیلئے اس کو پہنچایا جاسکے تو اسی پر میں اپنی یہ تحریک واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: محمود احمد خان بیٹنی۔

جناب محمود احمد خان: مهربانی سپیکر صاحب۔ دا خنگه نورو ملگر و خبرې اوکړې، د اعظم خان د لائسنس والا لږ پرابلم دے که وزیر اعلیٰ صاحب په دې باندې سنجیدګئ سره غور اوکړی چې دا کوم آل لائسنس باندې دوئ په دې غور اوکړی او زه د وزیر اعلیٰ صاحب خاطر باندې دا خپل کټ موشن واپس اخلم۔

جناب سپیکر: مسٹر منور خان

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، یقیناً سی ایم صاحب بیٹھے ہیں اور ابھی میڈم نے مجھے بتایا کہ "منی بدنام ہوئی صنم تیرے لئے" تو بہر حال جس طرح کہ عبدالستار صاحب نے کہا کہ یہ جو سیفٹی کمیشن کی جو بات ہے، سب سے پہلے سر! یہ اس وقت تو کم از کم سی ایم صاحب! ان لوگوں کو بچاؤ، یہ جو ان کے پاس آنا جانا کرتے ہیں کیونکہ ہم کٹ موشن بھی موو کرتے ہیں اور سی ایم صاحب کے نالج میں بھی نہ ہو کہ کس نے Withdraw بھی کیا، میرے Favour میں یا نہیں۔ تو میں سر، یہی ریکویسٹ کرتا ہوں کہ یہ جو واقعی سیفٹی کمیشن ہے، میں بھی اس پروانشل کمیٹی کا ممبر ہوں، یقیناً عبدالستار صاحب نے جس طرح فرمایا ہے،

میں تو کم از کم ایک دو میٹنگز میں گیا ہوں لیکن ان کی کوئی ایسی وہ اس کے سامنے نہیں ہے کہ واقعی کوئی کہے کہ یار! واقعی جو پانچ کروڑ روپے ان پہ خرچ ہو رہے ہیں، اس کا کوئی Output بھی ہے کہ نہیں سر؟ تو اس سلسلے میں چیف منسٹر کے Honour میں میں یہ اپنی کٹ موشن واپس کرتا ہوں جی۔

جناب سپیکر: مسٹر محمد شیراز خان۔

جناب محمد شیراز: میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں، واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: اچھا جی، ٹھیک ہے۔ میڈم معراج ہمایون۔

محترمہ معراج ہمایون خان: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، ما دا ځکه کټ موشن هغه کړے وو چې د دې ډیپارټمنټ نه بالکل مطمئنه نه یم او دې باندې ځومره هغه هم شویدی، کوئسچنز هم راغلی دی او دې باندې ډیبیټ هم شویدے نو هغې نه ظاهره ده چې د دې ډیپارټمنټ کارکردګی ډیره Satisfactory نه ده۔ بهته خوری هم سیوا شوې ده، اخبارونو کښې هم هر وخت راځی، Kidnapping هم سیوا شوے دے۔ تاسو لږ سپیکر صاحب! توجه راکړئ پلیز، سپیکر صاحب! لږ توجه به ورکړئ او بیا صوبائی پبلک سیفټی اینډ کمپلینټ کمیشن چې دے نو د هغې کارکردګی هم بالکل اطمینان بخش نه ده، د هغوې تنخواګانو باندې زیاتې پیسې ځی او مشکلات د خلقو هغه شوی نه دی۔ تهانه کلچر هم هغه شان دے، هغه شان دے هغه نه دے شوے، آن لائن سروس چې کوم شروع شوے دے نو د هغې شکایت راځی، څوک مطمئن هغې باندې نه دی، که مشران څوک لاړ ل د ایف آئی آر هغه دغه چې دے نو هغه هم دغه شان حال دے۔ زنانه یا مشر یا بزرګ سړے چې لاړ شی نو هغوی سره دا شان Treatment کیږی لکه چې دا مجرم دے نو په دې وجه باندې زۀ غواړم چې په دې باندې د ډیبیټ د اوشی، ما د مطمئنه کړی او دا د ووټ له لاړ شی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سر! اگر مجھے اجازت دیدیں۔

جناب سپیکر: ہاں، چلو بسم اللہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! اس پر میری کٹ موشن تھی۔۔۔۔

جناب سپیکر: آئندہ کیلئے ٹائم پہ آیا کریں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ جناب۔ جناب سپیکر صاحب، چونکہ ٹریفک کی بات بھی ہے اسی پہ، ظاہر ہے کہ یہ تمام ہوم جو ہے، ایک گھر کی حیثیت سے ہے اور گھر میں سب کچھ ہی ہوتا ہے، تو یہ بہت ہی Important ایک محکمہ ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ایک تو سب سے پہلے میں، یہیں پہ ہماری اسمبلی میں جو بحث ہوئی تھی اور اس میں تمام پارٹیز کے لوگوں نے جو بات کی تھی کہ افغانستان کی جو سمیں تھیں، اس پہ خوشی ہوئی ہے کہ ہماری آواز مرکزی گورنمنٹ تک پہنچی ہے اور انہوں نے اس کی Roaming بھی بند کر دی ہے افغانستان کی سموں کی جو یہاں پہ چلتی تھیں اور جو غیر قانونی طور پہ لوگوں کو بھتہ خوری کیلئے اور ٹارگٹ کلنگ کیلئے استعمال ہوتی تھیں، تو جناب سپیکر صاحب! وہ جو چیز ہے، وہ ابھی آہستہ آہستہ ختم ہو جائے گی اور ہمارے صوبے میں امن آجائے گا کیونکہ زیادہ تر سمیں اس میں استعمال ہوتی تھیں، تو یہ ایک اچھا قدم گورنمنٹ نے اٹھایا ہے۔ اس میں صوبائی گورنمنٹ اور مرکزی گورنمنٹ One page پہ تھیں تو اس وجہ سے یہ چیز اچھی ہوگئی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کے توسط سے یہاں پہ یہ ضرور بات کرنا چاہوں گی کہ ہماری پولیس جناب سپیکر صاحب، اس وقت فرنٹ لائن پر لڑ رہی ہے اور آپ سنتے بھی ہیں اور آپ دیکھتے بھی ہیں، ٹی وی پہ پٹیاں بھی چلتی ہیں کہ زیادہ تر جو ٹارگٹ ہوتے ہیں، وہ ہمارے پولیس افسران، پولیس سپاہی، پولیس جوان ہوتے ہیں، تو جناب سپیکر صاحب! ایک تو میں یہ ضرور کہنا چاہوں گی کہ اس محکمے میں، وزیراعلیٰ صاحب چونکہ ان کے پاس ہے یہ محکمہ، تو جناب سپیکر صاحب! پولیس کو وہ تمام سہولتیں دی جائیں تاکہ اس کا مورال بلند ہو اور اس سے وہ اپنی کارکردگی کو بہتر بنا سکے۔ جناب سپیکر صاحب، اس وقت پولیس ایک اچھے طریقے سے کام کر رہی ہے لیکن اس پہ میں سمجھتی ہوں کہ ہمارا اجلاس بھی ہوتا ہے اور اس کے بعد بھی کوئی VIP movements ہوتی ہیں تو بارہ بارہ گھنٹے، تیرہ تیرہ گھنٹے بیچارے دھوپ میں کھڑے رہتے ہیں۔ تیسری بات جناب سپیکر صاحب، یہاں پہ پولیس کے حوالے سے میں یہ بات کروں گی کہ ہماری پولیس کو Well equipped کیا جائے، اس کو وہ تمام جدید ترین سہولتیں دی جائیں جس سے وہ کرائم اور تمام جو ٹارگٹ کلنگز ہیں، جو بھتہ خوری ہے، اس تک وہ آسانی سے پہنچ سکے۔ جناب سپیکر صاحب، اس میں ایک محکمے کا ذکر ضرور کروں گی اور وہ ہے بم ڈسپوزل سکواڈ، جناب سپیکر صاحب! یہ ایک

بہت ہی زیادہ Important ہے ہمارے صوبے کیلئے، اور جو آپریشن شروع ہو چکا ہے جس کی تمام قوم نے حمایت کی ہے اور ہم اس وقت فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ہماری طرف سے جو بھی اخلاقی طور پہ ہم انکی حمایت کر سکیں، ہم مدد کر سکیں، ہم بالکل حاضر ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ جو بم ڈسپوزل سکواڈ کا محکمہ ہے جناب سپیکر صاحب! اس کے پاس کوئی جدید ترین مشینری ایسی نہیں ہے، ہمارے جو شفقت ملک صاحب ہیں جناب سپیکر صاحب! وہ جتنی تندہی سے کام کرتے ہیں اور اپنے ہاتھوں سے، یعنی ان کے پاس ایسے کوئی آلات نہیں ہیں جس سے کہ جوان کو اگر بارودی مواد ملتا ہے، کسی گاڑی میں بارود ہے تو جناب سپیکر صاحب! وہ اپنے ہاتھوں سے اس کو Defuse کرتے ہیں، اس وجہ سے بم ڈسپوزل سکواڈ کا جو محکمہ ہے جناب سپیکر صاحب! میں سی ایم صاحب کی توجہ آپ کے توسط سے ذرا تھوڑا سا چاہوں گی کہ اس میں زیادہ بہتر طور پہ ان کو اچھی سے اچھی مطلب ٹیکنالوجی دی جائے تاکہ انکی جانیں بھی ضائع نہ ہوں کیونکہ یہ ایک ٹیکنکل محکمہ ہے۔ ٹریفک پہ جناب سپیکر صاحب، آج بھی میں نے آپ سے یہی عرض کیا ہے کہ میں دس بجے گھر سے نکلی ہوں اور پورے شہر کا چکر لگاتی ہوئی یہاں پہ پہنچی ہوں۔ مجھے پتہ ہے، سیکورٹی کے حالات ہیں، ہر جگہ پہ ناکہ بندی ہے لیکن اس کے باوجود اگر ہم ٹریفک پہ زیادہ توجہ دیں تو ٹریفک کے حالات اگر ٹھیک ہوں تو میرا خیال ہے کہ بہتر ہے۔

جناب سپیکر: میڈم! آپ نے تو بڑا ٹائم لے لیا، میرے خیال میں آپ نے دس پندرہ لوگوں کا ٹائم لے لیا۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سر، میری کٹ موشن 50 کروڑ روپے کی تھی۔

جناب سپیکر: اس کے بعد آپ نے نہیں بولنا ہے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: نہیں سر، کیوں نہیں بولنا ہے؟ (قہقہہ)

جناب سپیکر: میڈم یاسمین پیر محمد صاحبہ۔

محترمہ یاسمین پیر محمد خان: مہربانی سپیکر صاحب. سپیکر صاحب، په صوبه کښې خو د بهته خورئ کوم حالات شروع شوی دی نو دا ډیر زیات شوی دی، بل خوا ته ماشومان اغواء کیږی اؤ دا ئے لا څه کوئ چې اکثر بچې سکولونه ته لاړ شی او پلاران ئے څه کاروبار پسې اوځی نو دننه زنانه په کور کښې یواځې پاتې شی، دا څو کیسونه داسې اوشول چې خلق پرې ورشی او دننه زنانه قتل کړی او چې

څه ورسره وی، هغه ترې نه یوسی۔ دا درې خبرې ما ستاسو په دغه کښې راوستې، په نوټس کښې، باقی زه خپل کټ موشن واپس اخلم۔

جناب سپیکر: میډم! ډیره مهربانی، تاسو چې نن راواخسته او ما باندې ډیره درنه خوږه لګې ځکه چې زمونږ د پښتو کلچر مطابق ستاسو هغه دغه ښکاریږی نو زه ستاسو۔ جناب عارف یوسف صاحب۔

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون وپارلیمانی امور): شکریہ جناب سپیکر۔ یہ جو محکمے کے بارے میں بات ہوئی ہے، محکمہ کیلئے تقریباً ایک ارب 16 کروڑ 18 لاکھ 90 ہزار جو جاری اخراجات ہیں 2015 کیلئے، رکھے گئے ہیں۔ اس میں جی خاص طور پر یہ Following میں جو بتاتا ہوں، یہ ڈیپارٹمنٹس اس میں آتے ہیں۔ محکمہ داخلہ کے دفاتر ہوم سیکرٹری بشمول صوبائی و ضلعی پراسیکیوشن، اس میں جتنے آفسز ہیں، یہ آرمز سروسز بورڈ ہے اس کے اندر، اس کے ساتھ صوبائی عوامی تحفظ کمیشن جس کے بارے میں ستار صاحب نے بھی اور آپ لوگوں نے بات کی ہے، اس کے بارے میں صرف میں اتنا کہونگا کہ یہ جو بنا تھا، یہ 2002 پولیس آرڈر کے نیچے بنا تھا تو اس میں جب تک امنڈمنٹ نہیں ہوتی ہے، ہم اس کو نہیں کر سکتے۔ تو اس میں ہم یہ کوشش کرینگے اس کو بہتر کرنے کی، ان شاءاللہ جیسے آپ لوگوں نے کہا ہے، ہم اس کو بہتر کرنے کی کوشش کرینگے۔ اس کے ساتھ ہے دیر لیوی فورس، تورغر لیوی فورس اور اس کو یہ جو بجٹ ملا ہے، اس میں تقریباً چھ ڈیپارٹمنٹس آتے ہیں، ان کو ملا کر یہ بنتا ہے اور اس میں جو تنخواہیں ہیں، صرف تنخواہوں کیلئے رکھے گئے ہیں تقریباً 462 ملین، صرف اس میں وہ ہیں اور جو ضروری ہیں، میں تھوڑا سا اس طرف آتا ہوں کہ جس طرح صوبے کے حالات ہیں جی، یہ نائن الیون کے بعد ہمارا صوبہ ایک مشکل سے گزر رہا ہے اور تقریباً ایک فرنٹ لائن کے طور پر سامنے آیا ہے اور اس میں حالات بڑے زیادہ خراب ہیں، سب آپ لوگوں کو پتہ ہے، بہتر پتہ ہے، اگر اس میں کٹوتی ہوتی ہے تو اس میں محکمے کو بہت زیادہ نقصان ہوگا اور اس میں میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے جتنے افسران ہیں، وہ اپنی ڈیوٹی ان مشکل حالات میں بڑی سختی سے انجام دے رہے ہیں، مشکل سے کر رہے ہیں، اگر آپ کو کوئی کمزوری نظر آتی ہے تو اس میں ان شاءاللہ آپ لوگوں کے کہنے کے مطابق اصلاح ہو سکتی ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ امن وامان کیلئے یہ بہت زیادہ ضروری ہے۔ میں تھوڑا سا، کچھ Achievements ہیں جو آپ لوگوں نے کہا ہے، میں صرف ان کے بارے میں

کہونگا کہ ڈیپارٹمنٹ نے اسلحہ لائسنس کو کمپوٹرائز کرنے کیلئے 54 ملین سے ایک پراجیکٹ کی منظوری دی ہے جس کی وجہ سے جو غیر قانونی اسلحہ ہے جس کی بات ابھی ہوئی ہے، اس کو ختم کر دیا جائے گا اور خیبر پختونخوا آرمز ایکٹ 2013، یہ 1965 میں تھا جی، ابھی اس کو لاگو کیا گیا ہے، اسی طرح Khyber Pakhtunkhwa Explosive Substantive Act, 2013، یہ بھی 1908 کا تھا، اس کو بھی ابھی لاگو کیا گیا ہے، بالکل، Khyber Pakhtunkhwa Sale of Illicit Arms Act, 2014، یہ بھی پہلے فیڈرل کا تھا، ابھی اس پہ تقریباً کام ہو رہا ہے۔ یہ خیبر پختونخوا آرمز رولز 2014 متعارف کرائے گئے ہیں، یہ 1924 میں تھا، یہ صوبے میں پہلی دفعہ ہماری بہت بڑی Achievement ہے، یہ پہلی دفعہ ہم لوگوں نے کیا ہے جی۔ اسی طرح 157 اسلحہ ساز جن کے پاس فروخت کرنے کے لائسنس تھے، ان کا چونکہ Documents کا طریقہ کار نہیں تھا، وہ ختم کر دیئے گئے ہیں، بالکل ان کی جو فیکٹریاں ہیں، وہ بند کر دی گئی ہیں اور غیر قانونی جتنا اسلحہ ہے، وہ سارا بند کر دیا ہے جی۔ میری بہن نگہت اورکزئی صاحبہ نے جو پولیس کے بارے میں بات کی ہے، وہ (معاملہ) ان شاءاللہ ڈیمانڈ نمبر 10 میں آئے گا، اس میں وہاں پر تفصیل سے بات کرینگے۔ میں یہاں پہ آپ سب لوگوں سے گزارش کرتا ہوں کہ اپنی کٹ موشنز شکریہ کے ساتھ واپس لے لیں اور میری اس ڈیمانڈ کو منظور کیا جائے جی۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: اعظم درانی، سردار اورنگزیب نلوٹھا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! جب یہ میرے سب Colleagues نے کٹ موشنز واپس لیں تو حکومت کی طرف سے کوئی Appreciate نہیں کیا گیا اور سیکرٹری صاحب نے بھی شکریہ نہیں ادا کیا ہے، تو کم از کم جس طرح انہوں نے ریکویسٹ کی ہے واپس کرنے کی، تو شکریہ تو ادا کر دیتے کہ جنہوں نے واپس لی ہیں کٹ موشنز۔

جناب سپیکر: شکریہ ادا کریں۔

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون و پارلیمانی امور): میں Sorry کرتا ہوں جی، میں بالکل آپکا شکریہ ادا کرتا ہوں، آپ لوگوں نے کٹ موشنز واپس لیں، اور سی ایم صاحب کی طرف سے بھی آپ لوگوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: شکریہ ادا کیا، آپ نے شاید سنا نہیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اگر ہم تعاون کر رہے ہیں تو کم از کم پہلے ہی شکریہ تو ادا کر دیتے۔ مہربانی سر۔

جناب سپیکر: جی چیف منسٹر صاحب۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): میں آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے اپنی کٹ موشنز واپس لی ہیں، I am grateful۔ دوسری آپ نے سیفٹی کمیشن کی بات کی، یہ سیفٹی کمیشن مجھ سے بھی لوگ پوچھتے رہتے ہیں کہ یہ کیا ہے؟ مجھے خود ابھی تک سمجھ نہیں آ رہی کہ یہ کیا ہے؟ تو میں آپ سے بیٹھ کر، کیونکہ یہ جب ڈسٹرکٹ کونسل کا نظام تھا، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ میں تو یہ بہت فعال تھا، چونکہ ابھی لوکل گورنمنٹ نظام نہیں ہے، اس میں کافی رکاوٹیں ہیں تو میں آپ لوگوں سے بیٹھ کر اس کو یا فعال کرینگے یا اس کو فارغ کر دینگے، جیسے آپ کہیں۔

جناب سپیکر: جی نلوٹھا صاحب، درانی صاحب اور میڈم معراج ہمایون۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر، میں واپس کرتا ہوں اپنی کٹ موشن۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی جی، اعظم درانی صاحب، میڈم۔

جناب اعظم خان درانی: واپس لیتے ہیں؟

محترمہ معراج ہمایون خان: واپس اخلم۔

Mr. Speaker: Thank you, ji. Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 8, therefore, the question before the House is that Demand No. 8 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Advisor for Prisons, to please move his Demand No. 9.

ملک قاسم خان خٹک (مشیر جیلخانہ جات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ On behalf of Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ ایک ارب 30 کروڑ 3 لاکھ روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی

جائے جو کہ 30 جون 2015ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران محکمہ جیلخانہ جات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding rupees one billion 30 crore 03 lac only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2015, in respect of Prisons.

Cut motions: Madam Amna Sardar.

محترمہ آمنہ سردار: جناب سپیکر! میں پچاس ہزار کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty thousand only. Azam Khan Durrani.

جناب اعظم خان درانی: شکریہ جناب سپیکر۔ میں واپس لیتا ہوں ملک صاحب کیلئے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ارباب اکبر حیات۔

ارباب اکبر حیات: زه ئے واپس اخلم جی، د ملک صاحب په دغه کښې۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! میں مطالبہ زر نمبر 9 میں مبلغ ایک ہزار روپے کی تخفیف کیلئے تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Syed Jaffar Shah (Not present, it lapses). Madam Romana Jalil, (Not present, it lapses). Mr. Sikandar Khan.

جناب سکندر حیات خان: انیسه بی بی به په دې باندې خبرې او کړی، زه به Withdraw کړم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: اوکے۔ سردار حسین بابک۔ سردار اورنگزیب نلوٹھا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں ایک کروڑ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one crore only. Sardar Zahoor Ahmad (Not present, it lapses). Mr. Sultan Muhammad (Not present, it lapses). Mr. Saleh Muhammad (Not present, it lapses). Madam Sobia Khan.

محترمہ ثوبیہ شاہد: سپیکر صاحب! میں منسٹر کیلئے اس کو واپس لیتی ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: میڈم عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر! میں پچاس ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty thousand only. Mr. Noor Saleem Khan.

Mr. Noor Saleem Malik: Thank you, Mr. Speaker. I beg to move a cut of rupees ten thousand on Demand No. 9.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten thousand only. Mufti Said Janan. Malik Riaz Khan.

ملک ریاض خان: جناب سپیکر صاحب! ملک صاحب خو زما گاونډی دے، زه به دا کټ موشن واپس کوم خو په یو شرط چې دے به میز په دواړو لاسونو نه ډبوی، په یو لاس به ئے ډبوی چې ښنګه نور خلق، دا به شرط وی۔ زه ئے واپس کوم۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: مسٹر محمد عصمت اللہ۔

جناب محمد عصمت اللہ: واپس اخلم۔

جناب سپیکر: مسٹر محمود احمد بیٹنی۔

جناب محمود احمد خان: زه جی کټ موشن واپس اخلم۔

جناب سپیکر: مسٹر محمد شیراز۔

جناب محمد شیراز: ما د ملک صاحب خلاف د یو کروړ روپو کټ موشن پیش کړے دے خو ما ورته دا وئیلی دی چې په دواړو لاسو به میز نه ډبوي نو ما له د دا یقین دهانی راکړی چې دواړو لاسو سره به میز نه ډبوم، نو زه به خپل کټ موشن واپس اخلم جی۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: میاں ضیاءالرحمان۔ مفتی فضل غفور۔

مولانا مفتی فضل غفور: میں ایک لاکھ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Mr. Muhammad Reshad Khan. Madam Nighat Yasmeen Orakzai.

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! پچاس کروڑ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty crore only. Madam Yasmeen Pir Muhammad Khan, please.

محترمہ یاسمین پیر محمد خان: زه خپل کټ موشن واپس اخلم۔

جناب سپیکر: میڈم آمنہ سردار۔

محترمہ آمنہ سردار: میں واپس لیتی ہوں۔

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، بہت اہم محکمہ ہے، اس میں دو، ایک تو جیلخانہ جات کے حوالے سے اور دوسرا جتنے بھی Inmates ہیں یا Convicts ہیں، قیدیوں کی بحالی کے Rehabilitation program کے حوالے سے ایک ارب 30 کروڑ روپے کا مطالبہ ہے، میرے خیال میں نے یہ Symbolic cut جو پانچ ہزار کی ہے اسلئے لگائی ہے کہ اس وقت انتہائی ناقص کارکردگی ہے اس صوبے میں جیلخانہ جات کے حوالے سے، اور میرا مقصد ہر گز نہیں کہ میں اس وقت کسی ایک Individual کی پرفارمنس کے اوپر یہ بات کر رہی ہوں، Overall جو آپ نے دیکھا کہ صوبہ بھر میں جیلوں کے حفاظتی انتظامات کے حوالے سے کئی سکینڈلز سامنے آچکے ہیں اور تاحال انکے اوپر رپورٹس

منظر عام پر نہیں آسکیں۔ خاص طور پر جو ڈیرہ جیل ہے اور پھر بنوں جیل میں، یعنی وہاں پہ انسان کا مائنڈ جو ہے، وہ اس کو Accept نہیں کرتا کہ اس کیلئے کیوں تسلی بخش انتظامات نہیں کئے گئے؟ دوسرا ہمارا انکے پلان میں، پچھلے سال بھی آپ نے دیکھا کہ ایک State of the art، اسے آپ کیا کہتے ہیں؟ Technically state of the art ایک منصوبہ تھا جیل کا، ایک پیسے کا اس پر کوئی خرچہ نہیں کیا، وہ ویسے کا ویسا ہی ہے۔ چاہیے یہ تھا کہ اگر ضرورت بھی تھی، اس وقت جیسی سیچویشن ہے اور جس طرح کہ Sensitive اور حساس آپکے پاس قیدی ہیں یا ان کو آپ پکڑنا چاہ رہے ہیں اور پھر کئی مرتبہ ایسا ہوا، جو بے بسی نظر آئی اس محکمے کی کہ قیدیوں کو لینے سے، برملا اس کا اظہار کیا گیا کہ جی ہم لوگ بے بس ہیں، ان کو یہاں سے شفٹ کیا جائے، یعنی یہ ایک محکمے کی پرفارمنس ہو تو آپ کیا کہہ سکتے ہیں؟ پھر جو سب سے اہم چیز ہے، میں جس کیلئے ایک انسانی جذبے کے تحت بھی تھوڑا، Order the House, as I know کہ قیدی بیچارے جو جیل کے پیچھے ہیں، کون ان کو سننا چاہتے ہیں؟ لیکن مقصد صرف یہ تھا کہ جو وہاں Convicts ہیں، انکی بحالی کیلئے صرف کارروائیاں ہیں، پروگرامز ہیں، فنڈز شاید آبھی رہے ہوں، نان ڈیویلپمنٹل سیکٹرز، سول سوسائٹی آرگنائزیشنز حکومت کے، لیکن انکے اوپر اس گرمی کے عالم میں، یعنی آپ انکے حالات کبھی جیل میں جاکر دیکھیں اور خصوصاً خواتین جو Inmates ہیں تو انسان کا دل خفا ہوتا ہے کہ یہ کس طریقے سے، کل اگر اپنی Term پوری کرکے یہ باہر بھی نکلیں گے تو شاید یہ پہلے سے زیادہ بھی Vicious ہوں، شاید پہلے سے بھی زیادہ ان کے اندر جو کریمنل ایک Tendency ہے، وہ بڑھ جائے کیونکہ ہم لوگوں نے دیکھا ہے، آج کل پوری دنیا میں سائنٹیفک بنیاد کے اوپر اس پر کام کیا جاتا ہے کہ قیدیوں کی ٹریننگ، بحالی، انکی تعلیم، تو یہاں پہ یہ چیز نہیں ہے۔ پھر آپکی جو سب سے اہم چیز ہے جناب سپیکر، کہ اس کیلئے کوئی خاص ٹھوس منصوبہ بندی بھی سامنے نہیں آرہی، مجھے یقین ہے کہ اگر الفاظ کا بیان کرنا شروع کریں تو محترم ایڈوائزر صاحب بہت کچھ بیان کر دینگے لیکن Practically implementation کی بات آئی ہے تو جیل میں مکمل طور پہ یہ ناکام ہیں، جیل پولیس اور جو فورس ہے، اس کیلئے یہ تھا کہ شاید وہ بہت ہی Trained force، ایلیٹ فورس کے لیول پر اس کو Train کیا جائیگا اور پھر انکو جو لوازمات چاہئیں جیل کی فورس کو، وہ بھی اس وقت محکمہ صحیح معنوں میں دینے میں ناکام رہا

ہے۔ تو جناب سپیکر، ایسے میں اس محکمے کی پرفارمنس پر اگر سوالیہ نشان نہیں ہوگا تو پھر کیا دوسرا اور کونسا راستہ ہے؟ اور Basically میرا یہ کو نسچن اٹھانے کا مقصد بھی یہ تھا اور اس کو بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اصلاح حال ہو۔ ایک ارب 30 کروڑ روپے شاید میرے خیال میں کم بھی ہیں، اگر اس پر توجہ دی جائے لیکن میرا مقصد صرف یہ ہے کہ اس کو محکمہ، جو یہ پیسہ ہے اور پچھلی دفعہ جو پیسہ دیا، اس پر ابھی تک کوئی پرفارمنس سامنے نہیں آئی، کھانا ان کا دیکھیں، قیدیوں کا دن بدن وہ ابتر ہو چکا ہے، پھر جیل کے اندر سروسز ہیں، یہ کہتے ہیں ہم نے جیمر لگا دیئے، ہم نے بہت کچھ لگا دیا لیکن وہ کام Effective نہیں ہے۔ انکے پاس کوئی طریقہ نہیں کہ اگر لوڈشیڈنگ میں بجلی چلی جائے تو بعض اوقات جیلوں کے اندر جنریٹر میں تیل نہیں ہوتا تو یہ اگر سسٹم ہے اور پھر محکمہ اس بنیاد پر، جیلخانہ جات اور اسکے قیدیوں کی بحالی ہے، تو میں کہتی ہوں، یہ ضرور ہر حالت میں یہ کٹوتی ان سے ہونی چاہیے تاکہ انکے اوپر، ان کو یہ یاد رہے اس سال اور پھر آئندہ وہ اس پیسے کو انتہائی محنت سے اور صحیح مقصد کے تحت استعمال کریں۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: شکریہ مسٹر سپیکر۔ جناب سپیکر، میں صرف ایک بات کہنا چاہونگی کہ جہاں صوبوں کی جیلوں میں مرکز کے قیدی ہوتے ہیں تو انکی Payment، انکے اخراجات پھر مرکز سے لیے جاتے ہیں جناب سپیکر! لیکن ہمارے صوبے نے آج تک کبھی وفاق سے یہ چارجز Claim ہی نہیں کئے تو کیا ہمارے صوبے کے پاس اتنے اضافی وسائل ہیں کہ وہ مرکز کا خرچہ بھی اٹھا رہا ہے؟ کوشش تو کرنی چاہیئے تھی کہ جتنے قیدی وفاق کے ہیں، اسی تعداد سے فیڈرل گورنمنٹ انکی Payment کرتی، اور میں مولانا قاسم کے آنر میں اپنی کٹ موشن واپس لیتی ہوں، مولانا کا ہم سے تعلق رہا ہے تو تھوڑا اثر ہوگا اس کا۔

جناب سپیکر: چلو، مولانا کا درجہ تو آپ کو ملا ہے نا۔ مسٹر نور سلیم ملک۔

جناب نور سلیم ملک: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، جیل اور جیلخانہ جات کا محکمہ بہت اہمیت رکھتا ہے۔ جناب سپیکر، یہاں پر قیدیوں کو لایا جاتا ہے تاکہ انکی Correction ہو، ان میں بہتری آئے اور وہ دوبارہ معاشرے کے سود مند شہری ثابت ہوں۔ جناب سپیکر، جو میں نے کٹ موشن داخل کی تھی اس محکمے پر، اس کی وجہ یہ تھی کہ مجھے ملک صاحب کی قابلیت پر کوئی شک نہیں ہے لیکن یہ پرانا سلسلہ چلا آرہا ہے اور اس میں

کافی ساری کمیاں موجود ہیں۔ میں صرف ملک صاحب سے ایک بات پوچھنا چاہونگا کہ میرے ضلع لکی مروت میں جیل تعمیر ہو چکی ہے لیکن اب تک Functional نہیں ہے اور پرانی جیل جس پر بہت زیادہ بوجھ ہے اور وہ قیدیوں کی تعداد زیادہ ہونے کی وجہ سے وہاں پر جو سہولتیں ہیں، وہ کم ہیں اور نئی جیل تعمیر ہے، مجھے معلوم نہیں کہ کس وجہ سے اس میں قیدیوں کو منتقل نہیں کیا جارہا ہے؟ میں چاہونگا کہ اسکے بارے میں ملک صاحب وضاحت کریں اور باقی ملک صاحب ہمارے پرانے ساتھی ہیں، انکی قابلیت پر بھی کوئی شک نہیں ہے اور یقیناً وہ بہتری کیلئے اقدامات اٹھائینگے اور جنوبی اضلاع کیلئے جتنی وہ کوششیں کررہے ہیں، اسکی بھی میں تعریف کرونگا۔ تو میں جناب سپیکر، اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔ شکریہ۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> مولانا مفتی فضل غفور صاحب۔

<u>مولانا مفتی فضل غفور:</u> شکریه جناب سپیکر۔ ما په محکمه جیلخانه جات باندې کوم کټ موشن جمع کړے دے، زمونږ 'کنسرنډ' منسټر ډیر باصلاحیته او ډیر درونډ او باعزته سړے دے، زه صرف د دوئ په نوټس کښې یو دوه درې ګزارشات راولم۔ یو خو زمونږ د بونیر چې کوم ډسټرکټ جیل دے، هغې باندې ډیر زیات Burden دے، د شانګلې او د تورغر قیدیان هم زمونږ د ضلعې چې کوم ډسټرکټ جیل دے، هغې ته شفټ کیږی، نو که دوئ داسې څه ډسټرکټ وائز د جیلونو بندوبست ممکن وی او د شانګلې د پاره او د تورغر د پاره ځان له څه بندوبست کیدلے شی، دا به ډیره زیاته بهتره وی او د دې سره سره زمونږ ډسټرکټ جیل کښې د Residential blocks د کنسټرکشن ضرورت وو، ما د دوئ په نوټس کښې راوستې هم وه او شاید چې د دوئ نوټس کښې به وی هم ان شاءالله او دریم مې تجویز دا دے چې زمونږ سره جیلونو کښې چې کوم کریمنل او جرائم پیشه خلق قید دی نو د هغوی د اصلاح د پاره او د هغوی د مستقبل د جوړولو د پاره شاید چې دوئ خپل کوششونه کړی هم وی، زما خپله رائې دا ده جی چې باقاعده د روزانه په بنیاد باندې هغوی ته د معاشرتی برائیانو په حواله باندې لیکچر ورکولے کیږی او د هغې د پاره علماء کرام هغه مستقل چې کوم دے، د هغوی اپوائنټمنټ اوشی او جناب سپیکر، په هر جیل کښې پکار ده چې مختصر

لائبریری وی، په هغې کښې ښه کتابونه، بهتر کتابونه، دا پکښې پراته وی، دې دپاره چې د دغې خلقو رارَوان مستقبل چې کوم دے، دا جوړ شی او دغه تجاویزو سره زه خپل کټ موشن واپس اخلم جی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: میڈم نگہت یاسمین۔

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جیل ایک ایسا محکمہ ہے کہ یہاں پر 124 کے ہاؤس میں پتہ نہیں کتنے لوگوں کو یہاں پر جانا بھی پڑے؟ تو اسلئے جناب سپیکر صاحب! جیل کے حالات جو ہیں، وہ تھوڑے مختصراً میں بیان کرونگی۔ جناب سپیکر صاحب، میں پشاور جیل کی بات کرونگی کہ یہاں پر Four hundred قیدیوں کی Capacity ہے کہ یہاں پر چار سو قیدی رکھے جائیں لیکن اس وقت منسٹر صاحب میری بات سے Agree کرینگے اور اس کی تائید کرینگے کہ یہاں پر سولہ سو قیدی جو ہیں، وہ یہاں پر پشاور جیل میں ہیں۔ اسی طرح Throughout اگر آپ صوبے کی مثال لے لیں تو ہر جیل میں یہی حال ہے، ہری پور جیل کو دیکھ لیں، ڈی آئی خان جیل کو دیکھ لیں۔ نمبر ایک تو یہ کہ جناب سپیکر صاحب، ان کیلئے پچھلی گورنمنٹس نالائق تھیں، پچھلی گورنمنٹس نے کچھ بھی نہیں کیا، میں یہ نہیں کہونگی کہ منسٹر صاحب دوبارہ یہ بات کریں کہ جناب پچھلی گورنمنٹ نے یہ نہیں کیا، یہ نہیں کیا، جناب عالی! انہوں نے ہمیں دھکے دیکر ایوانوں سے نکال دیا ہے اور آپ لوگوں کو ایک میجارٹی دے کر لے آئے ہیں، ابھی آپ نے Visible جو چیز، جو نعرہ لیکر آئے ہیں، اس نعرے کی بنیاد پر آپ نے کام کرنا ہے اور ایمرجنسی کی بنیاد پر کام کرنا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہاں پر جو کریمنلز ہوتے ہیں، Throughout جیلوں میں جناب سپیکر صاحب! انکے پاس باقاعدہ Cell phones ہوتے ہیں، حالانکہ ہماری انتظامیہ یہ بار بار کہتی ہے کہ جیمرز لگے ہوئے ہیں، یہ لگے ہوئے ہیں لیکن ہمیں بعض اوقات مختلف جیلوں سے ٹیلی فون آتے ہیں کہ ہماری یہ حالت ہے، ہمارے ساتھ یہ زیادتی ہو رہی ہے، ہمیں یہ کھانا صحیح نہیں مل رہا ہے، ہمیں اور Facilities، جناب سپیکر، ایک بندہ جب کرائم کرتا ہے اور وہ جیل چلا جاتا ہے تو اس کی اصلاح کی ہمیں ضرورت ہوتی ہے تاکہ جب وہ جیل سے باہر آئے تو وہ ایک مفید شہری کے طور پر سامنے آئے اور وہ اپنا سابقہ ریکارڈ کو نہ دہرائے اور وہ ایک اچھا شہری بن کر آئے جناب سپیکر، اس میں جو دوسرا پوائنٹ ہے، وہ یہ ہے کہ یہاں پر

لیڈیز اور بچے بہت زیادہ تعداد میں بھی ہوتے ہیں، انکی اصلاح کیلئے، انکی Grooming کیلئے ان کو ایک اچھا شہری، مفید شہری بنانے کیلئے ایمر جنسی بنیادوں پر کام کرنا چاہیے، یہ نہیں کہ ہم مردوں کی طرف تو توجہ دیتے ہیں لیکن عورتوں کی بیرکس میں دو تین چار دفعہ میں نے وزٹ کیا ہے، جب پچھلی گورنمنٹ تھی تو اس میں ہم لوگوں نے سپرنٹنڈنٹ صاحب سے بات بھی کی اور جناب سپیکر صاحب! منسٹر صاحب کو بھی اور میرا خیال ہے کہ یہاں جیلخانہ جات کی جو کمیٹی ہے، اس کے ممبرز کو Throughout the Province اچانک دورے کرنے چاہئیں تاکہ پتہ چل سکے کہ کیا ہو رہا ہے اور کیسے ہو رہا ہے؟ دوسری بات جناب سپیکر صاحب! یہ ہے کہ بہت سے جو قیدی ہیں، وہ اپنی قید کی مدت پوری کر چکے ہوتے ہیں لیکن ان کے پاس جرمانے کے پیسے نہیں ہوتے اور وہ جرمانے کی وجہ سے چار چار سال، پانچ پانچ سال، چھ چھ سال قید گزار رہے ہوتے ہیں کیونکہ انکا جرمانہ دینے والا کوئی نہیں ہوتا، جناب سپیکر صاحب! یہ نکتہ بہت توجہ طلب ہے اسی وجہ سے جیل میں ایک Crowed ہے، جیلیں Overload ہیں لیکن بات یہ ہے کہ اگر ان لوگوں کیلئے کوئی فنڈ قائم کر دیا جائے اور دیکھیں کہ جو قیدی اپنی قید کی مدت پوری کر چکا ہے اور وہ صرف جرمانے کی وجہ سے رہ رہا ہے تو اس کیلئے کوئی فنڈ قائم کرنا چاہیے تاکہ اس کو چھڑا کر وہ اپنے گھر کو جائے اور ایک مفید شہری کے طور پر، ایک باپ ایک بھائی ایک بیٹے کی حیثیت سے وہ اپنے گھر کو Lookafter کرے۔ جناب سپیکر صاحب، اس میں بہت زیادہ میرے پاس پوائنٹس ہیں اور اصلاح کیلئے بہت کچھ کہنے کو بھی ہے لیکن جناب سپیکر صاحب! چونکہ میں نے آپ کے توسط سے منسٹر صاحب کی توجہ انکی طرف دلائی ہے، انکے کھانے پینے، ہاسپٹل میں سہولیات نہیں ہیں، اگر کوئی قیدی بیمار ہو جاتا ہے تو کسی قسم کی سہولیات نہیں ہیں، جناب سپیکر! میں سمجھتی ہوں کہ آپ کے توسط سے میں نے یہ تجاویز دی ہیں، ہم کٹ موشن لیکر تجاویز کیلئے آتے ہیں، ہم کوئی تنقید برائے تنقید کیلئے نہیں آتے ہیں۔ اسکے ساتھ ہی میں اپنی کٹ موشن واپس کرتی ہوں اور جناب سپیکر صاحب، امید کرتی ہوں کہ منسٹر صاحب اس پر عملدر آمد کرینگے۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب ملک قاسم صاحب۔

<u>ملک قاسم خان خٹک (مشیر جیلخانہ جات):</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر۔ خومره معزز ممبران اسمبلی چې دا کوم تجاویز ماته راکړل، دا ټول ما نوټ کړل، دا ډیر ښه تجاویز دی۔ محترمه انیسه زیب طاهرخیلی چې کوم ارشاد

اوفرمائیل، د ډی آئی خان جیل د بنوں جیل باره کښې دا حقیقت دے خو چې کله نه دا وزیر اعلیٰ صاحب ناست دے ، سپیشل د ده په هدایت باندې څکه چې دا ځومره سینیئر پارلیمنټرین چې دی، دا اخری زمونږ ځائې جیل دے ، دې نوؤ ته لا پته نشته دے ، وزیراعلیٰ صاحب وائی چې اخری به مونږ دې ته ورځو، زه په جیل باندې هیڅ Compromise نه منم، نو ان شاءالله العزیز زه، ټریژری بینچز دی او که اپوزیشن بینچز دی، ټول معزز ممبران اسمبلی ته ریکویسټ کوم چې د جیل Fluent دورې اوکړئ او تاسو اوګورئ او ښه ښه تجاویز مونږ ته راکړئ او زه دا وایم چې کله نه ما دا چارج اخستے دے جی، دې د ټولې صوبې د جیل سپرنټنډنټانو میټنګ مې راغوښتے او بیا مې باقاعده قرآن مینځ کښې ایښے دے ، قرآن مې ایښے دے چې ورونړو! زما څوک نشته، زه کرپشن نه کوم، که چاته پانچ سو، پانچ لاکھ یا دس لاکھ روپئ ضرورت وی، زه ئے د جیبه ورکولے شم خو کرپشن په جیل کښې دننه نه منم (تالیاں) قطعاً نه منم او زه دا چیلنج کوم چې کله نه دا ډیرھ سال نه دا د تحریک انصاف حکومت راغلے دے ، که چا دا ثابته کړه چې دلته په جیل کښې چې کوم کرپشن وو، زه وایم چې ان شاءالله العزیز مونږ ډیر کم کړے دے ، صفایا مو کړې ده او ډیر نشته، که بیا شته ان شاءالله مونږ په دې کوشش کښې لګیا یو، زه به هغوی ته انعام ورکوم سپیشل چې څوک کرپشن چې کوم دے یوه روپئ ماته ثابت کړی ان شاءالله العزیز او باقاعده زمونږ چې کومه 'مینو' ده، دا مونږ سره ده، د خوراک باره کښې خبره اوشوه، زه دا وایم چې دا څوک چې نن په جیلونو کښې زه خو دا نشم وئیلے چې فائیو سټار ریسټ هاؤسز دی، هوټلز مو ورنه جوړ کړی دی، میډم چې کومه خبره اوکړه بالکل ټھیک ده چې چار سو نه بجائے په پیښور جیل کښې سوله سو باقاعده چې کوم دی، Overloaded دی ټول جیلونه خو د هغې د پاره چې زمونږ د تحریک انصاف حکومت کوم پروګرام لګیا دے ، مختلف جیلونو یعنی د څل په بجټ کښې تقریباً باره تیره جیلونه چې کوم دی، باقاعده په دې باندې د Crash په بنیادونو باندې کار کیږی، هغه مخکښې وعدې نه دی چې مخکښې خبرې وې په پیښور جیل باندې دومره تیز کار لګیا دے ، تاسو ټول اوګورئ، زما ټولو ته دعوت دے چې دا جیلونه ته اخرکار دا چې تاسو مونږ ته نشاندهی کوئ، مونږ

بخپله اصلاح کوؤ، زه ټولو ته دا ریکویسټ کوم چې لاړ د شی او د ډی آئی خان جیل چې کومه واقعه ده، زه د میډم ډیره شکریه ادا کوم چې دوئ نشاندهی اوکړه خو دیکښې وزیراعلیٰ صاحب په خصوصی نګرانئ باندې چیف سیکرټری صاحب حامد اویس آغا او فضل ربی صاحب چې هغوی د صوبې سینیئر بیورکریټس دی، هغوی بیا دوباره انکوائری د شفافیت د پاره مقرره کړه، ان شاءالله العزیز چې څه وخت دا انکوائری رپورټ راشی، دا به ان شاءالله منظر عام ته راشی او ټولوته به ښودلے شی او زه بیا، چې څومره ممبرانو نوټس کښې زما خبره راوستی ده، لکی جیل خبره نورسلیم خان اوکړه، جیل Already مکمل دے خو هغې Internment Center جوړ شوے دے چونکه هغه هائی پروفائل قیدیان هلته کښینولی شوی دی او ان شاءالله العزیز هغه اوس چې کوم Present جیل دے لکی کښې، هغې باندې مونږ لګیا یو، هغې د Repair فوراً ما چې کوم دے پرون که هغه بل پرون سیکرټری ته وئیلی دی چې د هغې Repair اوکړه او ان شاءالله العزیز دا نمونه چې اورنګزیب نلوټها صاحب کوم د ایبټ آباد جیل خبره اوکړه، دا په ترجیحی بنیاد باندې ان شاءالله زر به مکمل شی او دا ګوره اوس څومره تیزه مردان جیل High Security Prison، دا 30 جون ته ان شاءالله العزیز، دا جولائی کښې دننه دننه مونږ به افتتاح کوؤ، ډیر قیدیان به هلته راشی، مونږ کوشش کوؤ چې دا رش کوم په جیلونو باندې دے چې دا کم شی او زه بیا ټولو خپلوممبران اسمبلی ته، معزز ممبران اسمبلی ته ریکوئسټ کوم چې چا چې کوم کټ موشن اخستی دی، د هغوی هم شکریه ادا کوم او چې چا نه دی اخستی د دوئ تجاویز ما نوټ کړی دی، ان شاءالله، ان شاءالله، ان شاءالله مونږ به په دې چې کوم دے مکمل عملدرآمد کوؤ۔ ډیره مهربانی، ډیره شکریه۔

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: خټک صاحب شریف سړے دے، دومره ایشورنس ئے ورکړے دے، زه Withdraw کوم خپل کټ موشن۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں واپس لیتا ہوں اپنی کٹ موشن۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on demand No. 9, therefore, the question before the House is that demand No. 9 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' تھوڑا آواز تو those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Special Assistant for Law, on behalf of honourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his demand No. 10.

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون و پارلیمانی امور): شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 28 ارب 53 کروڑ 46 لاکھ 30 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دی جائے جو کہ 30 جون 2015 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران پولیس کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding rupees 28 billion 53 crore 46 lac 30 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2015, in respect of Police.

Cut motions: Madam Amna Sardar.

Mst: Amna Sardar: I beg to move a cut motion of one lac rupees.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Arbab Akbar Hayat.

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر صاحب! د سلو روپو کټ موشن پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Syed Jaffar Shah, (Not present, it lapses). Raja Faisal Zaman.

Raja Faisal Zaman: Sir, I move a cut motion of one lac rupees.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Madam Romana Jalil, (Not present, it lapses). Sardar Aurangzeb Nalotha.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! میں ایک کروڑ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one crore only. Sardar Fareed Ahmad.

سردار فرید احمد خان: جناب سپیکر صاحب! دس لاکھ روپے جی، Ten lac۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten lac only. Sardar Zahoor Ahmad, (Not present, it lapses). Mr. Sultan Muhammad, (Not present, it lapses). Sardar Hussain Chitrali, (Not present, it lapses). Mr. Saleh Muhammad, (Not present, it lapses). Madam Sobia.

میډم! لږ خپل د غه کوؤ په خپل پروسیجر راځئ بنه۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: پچاس لاکھ روپئ کټ موشن پیش کوؤ۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty lac only. Mr. Abdul Sattar Khan.

Mr. Abdul Sattar Khan: Sir, I beg to move a cut of one crore rupees on demand No. 10.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one crore only. Madam Uzma Khan.

محترمہ عظمیٰ خان: سر! میں دو ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two thousand only. Mr. Abdul Karim Khan, (Not present, it lapses). Mr. Fredrick Azeem (Not present, it lapses). Mr. Noor Saleem.

Mr. Noor Saleem Malik: Mr. Speaker, I would like to move a cut of rupees one hundred thousand on demand No. 10.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred thousand only. Mufti Said Janan.

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ مطالبه زر نمبر 10 باندې جی زه د تیس کروړ د کټوتئ تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees thirty crore only. Mr. Muhammad Asmatullah.

جناب محمد عصمت اللہ: مطالبه زر نمبر 10 باندې جی زه د 13 روپو کټوتئ موشن پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees thirteen only. Mr. Mehmood Ahmad Khan Betani.

جناب محمود احمد خان: ایک هزار روپئ کټ موشن ډیمانډ نمبر 10 باندې پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Mr. Muhammad Shiraz Khan.

جناب محمد شیراز: میں ایک کروڑ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں ڈیمانڈ نمبر 10 پہ جی۔

Mr. Speaker: Mian Zia ur Rehman, (Not present, it lapses). Mufti Fazal Ghafoor.

مولانا مفتی فضل غفور: بیس لاکھ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty lac only. Mr. Muhammad Reshad Khan, (Not present, it lapses). Madam Mairaj Humayun,
Ms Mairaj Humayun Khan: I beg to move a cut of rupees five on this.
Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five only. Madam Nighat Yasmeen Orakzai.

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! بیس ارب روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: Oh, Oh. (Applause) The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty billion only. Madam Amna Sardar.

محترمہ آمنہ سردار: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، پولیس والوں کی قربانیوں کا اور جتنی بھی ان کی جانیں صوبے کیلئے نذر ہوئیں، انکا تو انکار ممکن نہیں ہے اور میں انکو خراج تحسین بھی پیش کرتی ہوں لیکن جناب سپیکر، میرا جو زیادہ پرابلم پولیس کا ہے، ہمارے ایبٹ آباد میں Recently دو ایسے واقعات ہوئے کہ پولیس والوں نے اپنی Personal grudges کی بناء پر یا کسی کے کہنے پر کئی لوگوں کے گھروں پر چھاپے مارے اور بعد میں انکو پریس میں، پریس کو اس مقصد کیلئے Use کیا تو

ان لوگوں نے جو Aggrieved parties ہیں، انہوں نے آرٹیکل 199 کے تحت پولیس کے خلاف اس مقدمے کو درج کیا، تو ابھی ایبٹ آباد میں دو ایسے مقدمے درج ہیں تو میری یہ گزارش ہے کہ پولیس کے اوپر کم از کم یہ چیک ہونا چاہیے کہ وہ عام عزت دار شہری کی عزت کو نہ اچھالے اور وہ اس مقصد کیلئے یا اپنے مذموم مقاصد کیلئے پریس کو بھی Use نہ کرے کیونکہ ظاہر ہے وہ تو جو بھی پریس کو دیں گے، پریس والوں نے وہ کرنا ہے، ان کا بھی قصور نہیں ہے، تو وہ خود یہ چیزیں کرتے ہیں تو میری یہ گزارش ہے کہ اس کے اوپر ضرور کوئی چیک ہونا چاہیے جی کہ پولیس والے اپنی من مانیاں نہ کریں۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: ارباب اکبر حیات۔

ارباب اکبر حیات: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، د پولیس کټ موشن خو به واپس اخلم خو دې نه مخکښې جی یو دوه څلور خبرې کول غواړم۔ جناب سپیکر صاحب، زمونږ دا محکمه ډیره اهم محکمه ده او د دوئ د قربانیانو نه څوک ناواقفه نه دی، واقعی ده دوئ هر ځائې کښې ډیرې قربانیانې ورکوی خو جناب سپیکر صاحب، یو خو دوئ دا دس پرسنټ تنخواګانې چې زیاتې کړې دی حکومت، زما په خیال دا چې کومې د دوئ د قربانیانو دغه دے نو د دې په مناسبت سره دا ډیره کمه ده، پکار ده چې دوئ له څه سپیشل د دوئ په دغه کښې دوئ له څه سپیشل ګرانټ ورکړے شی او دویم دا جناب سپیکر صاحب! دا کوم چې سپیشل فورس چې کوم دوئ دا جوړ کړے دے او دا دوئ هغوی راولی نو دا سپیشل فورس جی دا هر ځائې نه چې وی، هم داسې راشی او سی سی پی او ایس ایس پی سره دا اختیار شته چې هغې له د دوه کالو یا د درې کالو دغه ورکړی او هغه په هغې باندې نوکری کوی۔ یو خو دا ده جناب سپیکر صاحب! چې هغه په هغې باندې توجه نه ورکوی، هغه دا وائی چې دوه کاله پس، درې کاله پس به زه واپس ځم نو پکار دا ده جناب سپیکر صاحب! ستاسو توجه غواړم، سی ایم صاحب هم Bussy دے ډیر زیات او تاسو هم۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر صاحب! دا سپیشل فورس چې کوم دے، یو خو د دوئ دا تنخواګانې، دې نه تاسو توقع لرئ چې یرا دا زمونږ د قوم محافظان او

دوئ به زمونږ حفاظت کوی نو یو د دوئ دا تنخواګانې 'نہ ہونے کے برابر' دی جی۔ یو خو د دوئ دا تنخواګانې زیاتول پکار دی جناب سپیکر صاحب! او بل دا چې کوم ریګولر پولیس دوئ هغوی نه ټیسټونه اخلی او هغوی بیا ټریننګ له ځی نو دغه رنګې دې سپیشل فورس والا له هم ټریننګ پکار دے ځکه چې د دوئ په اوړه باندې ټوپک خو پروت وی خو نه د هغې په چلاولو باندې پوهیږی، نه هغه ډسپلن هغه له ورځی، یا په لاره باندې شوک تیریږی چې هغه به څنګه ټریټ کوی؟ نو زه وایم چې څنګه دا سپیشل کورس دوئ اپوئنټ کړی نو پکار دے چې دا هنګو ته اولیږی یو میاشت دوه له چې هغه ټریننګ ورته ورکړی، نو دوئ به په هغه دغه باندې پوهه شی۔ تهینک یو۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ راجہ فیصل زمان صاحب۔

